Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | بدھ 12 مارچ 2025ء، 11 رمضان المبارک 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 02

آئی ایم ایف نے بجلی سستی کرنیکی حکومتی تجویز مان لی

1 ارب ڈالر کی دوسری قسط کے حصول کیلئے آئی ایم ایف وفد کیساتھ معاشی ٹیم کے اہم مذاکرات حتمی مراحل میں داخل

حکومت کا چینی کے بجائے شکر درآمد کرنے کا فیصلہ

درآمد شدہ شکر کو مقامی سطح پر ریفائن کر کے چینی میں تبدیل کیا جاسکے گا، ذرائع

لاہور (این این آئی) ملک میں چینی کی بڑھتی قیمتوں کے پیش نظر وفاقی حکومت نے بڑا قدم اٹھاتے ہوئے چینی کے بجائے شکر درآمد کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے، ایمپورٹ اور ریفائنر کا فیصلہ وفاقی کابینہ کرے گی۔ وزارت صنعت و پیداوار کے ذرائع کے مطابق (بقیہ نمبر 3 2)

ویزا فراڈ میں ملوث ٹریول ایجنٹس گرفتار

ملزمان نے شہریوں کو مہاکوتھ کوریا، کینیڈا بھجوانے کا جھانسہ دے کر 46 لاکھ روپے بٹورے تھے

اسلام آباد (این این آئی) ایف آئی اے اسلام آباد نے انسانی اسمگلنگ سرکل لاہور کے کاروائی کرتے ہوئے ویزا فراڈ میں ملوث 2 غیر تربیتی ٹریول ایجنٹس گرفتار کرلئے۔ ایف آئی اے حکام نے بتایا ہے کہ گرفتار ملزمان میں طلحت رضوان اور خرم منیر شامل ہیں، ملزمان (بقیہ نمبر 3 0)

کمسن بچے کو جنسی ہوس کا نشانہ بنانیوالا گینگ گرفتار

ملزمان (آئس) نشے کے بھی عادی نکلے، ملزمان نے قتل کے بعد مقتول کا لاش پانی کی ٹینکی میں چھپا دی تھی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں کمسن بچے کو جنسی ہوس کا نشانہ بنانے والا گینگ گرفتار کرلیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ملزمان نے قانون لیوی، بیمر کی حدود سے کمسن بچے کو اغوا کیا، کمسن کو اغوا کے بعد جنسی ہوس کا نشانہ بنایا (بقیہ نمبر 3 5)

شوگر سیکٹر میں ٹیکسوں وصولیوں میں 54 فیصد اضافہ

ٹیکس چوری کیخلاف کریک ڈاؤن کے بعد شوگر کارٹلز نے اوپن مارکیٹ میں قیمت میں اضافے کا بندوبست کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) شوگر سیکٹر میں ٹیکس چوری کے خلاف کریک ڈاؤن کے بعد شوگر کارٹلز نے مبینہ طور پر اوپن مارکیٹ میں چینی کی قیمت میں اضافے کا بندوبست کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق شوگر سیکٹر میں ٹیکس چوری کے (بقیہ نمبر 3 4)

پاکستان پوسٹ میں خلاف ضابطہ بھرتیوں کا انکشاف

پی اے سی نے شاہدہ اختر کی زیر صدارت پبلک اکاؤنٹس کی ذیلی کمیٹی بھی تشکیل دیدی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین ٹیلی پیک اکاؤنٹس کمیٹی جنید اکبر خان نے کہا ہے کہ پاکستان پوسٹ میں خلاف قواعد بھرتی کیے گئے 381 افراد ابھی تک جہدوں پر بیٹھے ہیں۔ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (پی اے سی) کا (بقیہ نمبر 3 3)

سٹی ایم ایجوکیشن کارڈ جاری کرنے کا اعلان

80 فیصد سے زائد نمبر پرائیوٹ منس، سٹار کارڈ ملے گا، آٹ سورسنگ کے پہلے فیز کے بعد ٹیچرز کی تعداد 8037 سے بڑھ کر 15114 ہوگئی، سکولوں میں اساتذہ کی تنخواہ میں تین گنا تک اضافہ

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے سکولوں میں پینے کے پانی، واٹ واش اور فرنیچر کیلئے 90 دن کی ڈیڈ لائن دے دی، ہر سال دو ملین بچوں کی انرولمنٹ کا ہدف

لاہور کے 338 سکولوں میں انگلش بول چال کی کلاسز کے پائلٹ پراجیکٹ کا اجراء، سرکاری سکولوں میں انٹرنیشنل کورسز کرانے اور اور سرٹیفکیٹ دینے کی تجویز پر اتفاق

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا صوبے بھر میں سکولوں کے سامنے روڈ زیبرا کراسنگ بنانے کی ہدایت پر سختی عملدرآمد کا حکم

لاہور (این این آئی) فروغ تعلیم کیلئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے انقلابی فیصلے کیے۔ پنجاب میں سکول ایجوکیشن کے تمام ایم ایجوکیشن کارڈ متعارف کرانے کا فیصلہ کیا۔ 80 فیصد سے زیادہ نمبر لینے والے طلبہ کو ایم ایجوکیشن سٹار کارڈ ملے گا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت سکول ایجوکیشن سے متعلق خصوصی اجلاس میں بتایا گیا کہ سکولوں کی آٹ سورسنگ سے طلبہ کی تعداد میں 52 فیصد مجموعی تعداد (بقیہ نمبر 4 5)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سکول ایجوکیشن سے متعلق خصوصی اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

قومی اسمبلی اجلاس (آج) طلب، 117 ٹکائی ایجنڈا جاری

سپیکر سردار ایاز صادق کی زیر صدارت اجلاس آج بدھ کو صبح 11:30 بجے ہوگا، قومی اسمبلی سیکرٹریٹ نے اجلاس (بقیہ نمبر 3 7)

چیئرمین سینیٹ کی عاطف اکرام شیخ کو مکمل تعاون کی یقین دہانی

ٹریڈ باڈیز کی مدت سے متعلق ابہام دور ہونا چاہیے، یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی نے تاجروں، صنعت کاروں کو اہم امور پر پارلیمنٹ اپنا کردار ادا کرے گا، ٹریڈ باڈیز کی مدت کے حوالے سے پیدا کیے گئے ابہام دور ہونا چاہئیں اور اس حوالے سے مکمل تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا ہے (بقیہ نمبر 3 6)

ایک بار ملک پر پھر دہشتگردوں کی یلغار ہو چکی ہے

ملک محمد احمد خان

راستے سے بھٹکے لوگ پاک فوج پر حملہ آور ہیں، مڈبزنس کو ورک کر دہشتگردی کررہے ہیں، ان کو کہنا چاہتے ہیں ہم نہیں ڈریں گے

دہشتگردی کے خاتمہ کیلئے پہلے بھی روڈمیپ دیے گئے، اب بھی خوارجیوں کا خاتمہ کرکے دم لیں گے، سپیکر پنجاب اسمبلی

تصور (این این آئی) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ ایک بار پھر ملک میں دہشتگردوں کی یلغار ہو چکی ہے، بلوچستان میں ان کو کہنا چاہتے ہیں کہ ہم نہیں ڈریں گے۔ دہشتگردی کے خاتمہ کیلئے پہلے بھی روڈمیپ دیے گئے، اب بھی خوارجیوں کا خاتمہ کرکے دم لیں گے، سپیکر پنجاب اسمبلی بھاری ذمہ داری سے آگے لگاتی جا رہی ہے راستے سے بھٹکے لوگ پاک فوج پر حملہ آور ہیں اور مڈبزنس کو ورک کر دہشتگردی کررہے ہیں لیکن (بقیہ نمبر 4 6)

وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

25 لاکھ مستحقین تک رمضان پیکیج پہنچا دیا

عظمیٰ بخاری

گڈ اپوزیشن کا مظاہرہ پارلیمنٹ کی توہین ہے، مریم نواز کی حکومت میں کسی کو جھلساری اور دوہری کی اجازت نہیں دی جائیگی، وزیر اطلاعات پنجاب کا پیرٹریف کے بیان پر ردعمل

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پنجاب میں 25 لاکھ مستحقین تک رمضان پیکیج پہنچا دیا ہے کہ پی حکومت ابھی سٹیک ہولڈرز کی مشترکہ ہے، بلاول زرداری کی میرٹ پر پورا اترنے والی کمیٹی کو فعال کیا گیا ہے، مریم نواز کی حکومت میں کسی کو جھلساری اور دوہری کی اجازت نہیں دی جائے گی، گڈ اپوزیشن کے اندر کرپشن کی (بقیہ نمبر 3 8)

ایک بار ملک پر پھر دہشتگردوں کی یلغار ہو چکی ہے

ملک محمد احمد خان

راستے سے بھٹکے لوگ پاک فوج پر حملہ آور ہیں، مڈبزنس کو ورک کر دہشتگردی کررہے ہیں، ان کو کہنا چاہتے ہیں ہم نہیں ڈریں گے

دہشتگردی کے خاتمہ کیلئے پہلے بھی روڈمیپ دیے گئے، اب بھی خوارجیوں کا خاتمہ کرکے دم لیں گے، سپیکر پنجاب اسمبلی

تصور (این این آئی) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ ایک بار پھر ملک میں دہشتگردوں کی یلغار ہو چکی ہے، بلوچستان میں ان کو کہنا چاہتے ہیں کہ ہم نہیں ڈریں گے۔ دہشتگردی کے خاتمہ کیلئے پہلے بھی روڈمیپ دیے گئے، اب بھی خوارجیوں کا خاتمہ کرکے دم لیں گے، سپیکر پنجاب اسمبلی بھاری ذمہ داری سے آگے لگاتی جا رہی ہے راستے سے بھٹکے لوگ پاک فوج پر حملہ آور ہیں اور مڈبزنس کو ورک کر دہشتگردی کررہے ہیں لیکن (بقیہ نمبر 4 6)

ریکوڈک منصوبے سے 2028 تک سونے اور تانبے کی پیداوار متوقع

پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2025، 8 اور 9 اپریل کو اسلام آباد میں منعقد ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) ریکوڈک منصوبے کیس ڈیولپمنٹ کمپنی لمیٹڈ) نے کہا ہے کہ سے متعلق ترمیمات او جی ڈی سی ایل (آئل اینڈ 2028 تک اس (بقیہ نمبر 4 7)

صوبائی وزیر لیبر پنجاب فیصل ایوب کھوکھر سرٹیفکیٹ ہسپتال، ایمبولینس کا دورہ کررہے ہیں

رمضان المبارک میں بھی قائداعظم کالونی میں پانی کا شدید بحران

طویل عرصہ سے پانی کی سپلائی کو مسلسل بند رکھنا کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی کی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے

متعلقہ حکام اور خصوصی طور پر وزیراعلیٰ پنجاب پانی کی اس بندش پر سختی سے نوٹس لیں۔ اہلیان علاقہ کا دیرینہ مطالبہ

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) قائداعظم کالونی کے مکینوں کو ایک طویل عرصہ سے پانی جیسی بنیادی نعمت سے محروم رکھا جارہا ہے، جو کہ مقامی سیاسی قیادت کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ رمضان المبارک کے مقدس ماہ میں بھی بچے، بوڑھے اور خواتین تمام دن پانی کی تلاش میں ذلیل و خوار ہوتے رہتے ہیں۔ کروڑوں روپے کے فنڈز سے بچھائی جانیوالی پائپ لائن جس کے آپریشنل ہونے میں کوئی رکاوٹ نہ ہونے کے باوجود عوام کو گزشتہ کئی سالوں سے پانی کی سپلائی فراہم نہیں کی جارہی۔ منتخب نمائندوں کو اپنے دور حکومت میں ایک (بقیہ نمبر 5 6)

چائلڈ پرٹیکشن بیورو کے رہائشی بچوں کیلئے افطار کا اہتمام کیا گیا ہے

پشین، آٹا کی کے دوران خاتون کو تشدد کا نشانہ بنا دیا گیا، ویڈیو وائرل

پشین (این این آئی) بلوچستان کے ضلع پشین میں آٹا تقسیم کے دوران غریب خاتون کو تشدد کا نشانہ بنا دیا گیا، خاتون پر تشدد کی ویڈیو سوشل میڈیا پر آگئی۔ ذرائع کے مطابق پشین کے علاقے گلی کمرکا میں آٹا تقسیم کے دوران ایک خاتون آٹا کا تھیلا لیتے گود سے گر دوبارہ لائن میں لگی تو انتظامیہ کی جانب سے (بقیہ نمبر 4 8)

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا طرز حکمرانی شفافیت کی اعلیٰ مثال

بدعنوانی کی شکایت پر اینٹی کرپشن کا فوری ایکشن، پی اینڈ ڈی کا افسر گرفتار

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے طرز حکمرانی شفافیت کی اعلیٰ مثال بن گئی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت صوبے کو کرپشن (بقیہ نمبر 4 9)

شبلی فراز کو سینیٹ میں قرارداد پیش کرنے سے روک دیا گیا

بڑی تعداد اس وقت بچوں کی کیمبرج تعلیم اے لیول او لیول حاصل کررہی ہے، وفاقی وزیر قانون کا وقفہ سوالات میں اظہار خیال

وقفہ سوالات میں جوابات دینا کابینہ کی مشترکہ ذمہ داری ہے، چیئرمین سینیٹ نے وزراء کی آمد تک وقفہ سوالات مؤخر کردیا

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ کے اجلاس کے دوران پریذائڈنگ افسر عرفان صدیقی نے قائد حزب اختلاف سینیٹر شبلی فراز کو ایوان میں قرارداد پیش کرنے سے روک دیا جبکہ اس دوران شبلی فراز اور اسلم خٹک وزیر تجارت نے صبح جلسوں کا تبادلہ ہوا۔ منگل کو سینیٹ اجلاس چیئرمین سید یوسف رضا گیلانی کی صدارت میں شروع ہوا، اجلاس 16 ٹکائی ایجنڈے کے تحت شروع ہوا، ایجنڈے میں 2 قجہ دلاو فوسر (بقیہ نمبر 5 0)

وفاقی کابینہ کی تعداد آئین کے مطابق ہے، رانا ثنا اللہ

جن لوگوں نے عمران عباس کے گھر پر چھاپہ مارا انہیں استحقاق کمیٹی میں بلانا چاہیے

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ نے آج ایک گفتگو کے دوران کہا ہے کہ وفاقی کابینہ کی تعداد آئین کے مطابق ہے، وفاقی کابینہ میں جتنے ارکان کی تعداد ہونی چاہیے (بقیہ نمبر 5 7)

پاکستانی طالب علم کا شگھائی کیلین گینگ میں کاروبار کا خواب

لین گینگ ایسپشن ایریا غیر ملکی کاروباری افراد کے لئے مثالی لانچ پیڈ بن گیا

شگھائی (این این آئی) شگھائی کا لین گینگ ایسپشن ایریا غیر ملکی کاروباری افراد کے لئے ایک مثالی لانچ پیڈ بن گیا۔ چین الاتوای طلبا کے 300 زائد ممالک اب قائم، ان میں سے 75 فیصد کمپنیاں جدید پرمشن ہیں۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق (بقیہ نمبر 5 8)

خواتین اراکین اسمبلی پنجاب کے اجلاس میں شرکت کے بعد واپس جارہی ہیں

ریاست مخالف پروپیگنڈے میں ملوث پی ٹی آئی رہنما کے آئی ٹی کے سامنے پیش

ٹوئیر میں تمام افراد کو متعلقہ کیا گیا تھا کہ اس معاملے پر اپنی پوزیشن کی وضاحت کریں

اسلام آباد (این این آئی) اشتر کھتران کی ٹیم (سے آئی ٹی) نے شبلی پریذیڈنٹ میں ملوث پی ٹی آئی کے 25 افراد کو دوبارہ طلب کیا تھا جس پر رضاؤں سمیت دیگر افراد پیش ہوئے۔ سیکرٹری جنرل پی ٹی آئی سلمان اکرم راجہ، پی ٹی آئی رہنما عروج اورنگ حسن، پی ٹی آئی وکیل وسیم ڈھک کی صدر کنول شجوب، اسد قیصر، شاہ فرمان اور عالیہ حمزہ بھی آئی ٹی کے سامنے (بقیہ نمبر 5 1)

تعلیمی اداروں کے ڈیلی ویجز ملازمین کی مستقلی کیلئے کمیٹی تشکیل

وزارت تعلیم کی جانب سے سمری بھیجے جانے پر وزیراعظم نے کمیٹی تشکیل دی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی سرکاری تعلیمی اداروں کے ڈیلی ویجز ملازمین کے مستقلی کے لیے وزارت تعلیم نے کمیٹی تشکیل دے دی ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے وفاقی سرکاری تعلیمی اداروں کے ڈیلی ویجز ملازمین کو مستقل کرنے کے معاملے پر کمیٹی تشکیل دے دی ہے۔ ذرائع کے مطابق ساتھ ہی اس مستقلی کے معاملے پر وزیراعظم نے کمیٹی تشکیل دے دی۔ وزیراعظم شہباز (بقیہ نمبر 5 3)

وزیر مذہبی امور پنجاب شیر علی گورچانی کا سکول کے سنگ بنیاد کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

یو ایس امریکی سنٹری پابندیوں کی فہرست، پاکستان کے شامل ہونے کا خدشہ

واشنگٹن (این این آئی) کی امریکی سنٹری پابندیوں کی فہرست میں پاکستان کے شامل ہونے کا خدشہ ہے۔ امریکی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق پاکستان کو اورج کھٹمنڈی میں رکھا جا سکتا ہے اس سے پاکستانیوں کو سفر پر پابندی کا سامنا نہیں کرنا (بقیہ نمبر 4 1)

لاہور میں بغیر لائسنس شیر رکھنے اور سیلفی بنانے پر شہری گرفتار

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے اقبال ٹاؤن میں محکمہ وائلڈ لائف پنجاب کے ایک شہری کے گھر پر چھاپہ مار کر بغیر لائسنس رکھے گئے شیر کو برآمد کرلیا گیا، رہائشی سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ایک ویڈیو کے بعد کی گئی، جس میں شہری اظہر حمزہ کو شیر کے ساتھ سیلفی لیتے دیکھا گیا تھا۔ رپورٹ کے (بقیہ نمبر 4 2)

چوہنگ میں بچانے فائرنگ کر کے جنتیجی کو قتل کردیا

چند روز قبل جھگڑا ہوا تھا، گزشتہ روز بچانے گھر جا کر فائرنگ کی

لاہور (این این آئی) چوہنگ کے علاقے کوٹے رام سر میں کوئی گلنے سے موضع پرجاں بچ ہوگی۔ گاؤں میں بچانے فائرنگ کر کے جنتیجی کو قتل کردیا۔ تاہم بتایا گیا ہے کہ چند روز قبل جھگڑا ہوا تھا جس کے رنج پر بچانے گزشتہ روز گھر جا کر اسلحہ فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں 17 سالہ ماہا اطلاع ملتے ہی پولیس اور فورانزک ٹیم موقع پر پہنچ گئی اور شواہد اکٹھے (بقیہ نمبر 3 4)

فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائیز ہاؤسنگ اتھارٹی کا اہم اجلاس

الٹوا شدہ منصوبے پر پیش رفت EHFPRO پروجیکٹ ہاؤسنگ اتھارٹی کے کنٹرول میں الاٹیز کے لیے خوشخبری

زمین فراہمی کے عمل میں آسانی J V رولز میں ترامیم کی منظوری

اسلام آباد (محمد فیصل ندیم ے) مورخہ 11 مارچ 2025 کو فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائیز ہاؤسنگ اتھارٹی کیزا ٹیکنیکل بورڈ کا اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ و تعمیرات جناب ریاض حسین پیرزادہ اور سیکرٹری ہاؤسنگ و تعمیرات ڈاکٹر شاہد خان غلشی نے کی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل ہاؤسنگ اتھارٹی، کمپٹن (ریٹائرڈ) محمد ظفر اقبال نے تمام نکات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس کے دوران، سب سے پہلے الٹوا (EHFPRO) پروجیکٹ سے متعلق پیش رفت پر جائزہ پیش کیا گیا۔ ڈائریکٹر جنرل ہاؤسنگ اتھارٹی نے معزز جیوری کو آگاہ کیا کہ (بقیہ نمبر 4 4)

شوکر ملز کی مکمل مانیٹرنگ کیلئے جدید نظام کو بروئے کار لایا جارہا ہے

موجودہ مالی سال میں تر سیلات زر بلند ترین سطح پر رہیں گی، وزیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ ایف بی آر نے شوگر ملز میں مانیٹرنگ نظام قائم کیا ہے، شوگر ملز کی مکمل مانیٹرنگ کیلئے جدید نظام کو بروئے کار لایا جارہا ہے۔ وزیراطلاعات عطاتارڑ کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے (بقیہ نمبر 5 9)

وزیراعلیٰ کا سرگودھا میں خاتون کے قتل کے واقعے کا نوٹس

خواتین پر تشدد، ان کے قتل کے بڑھتے واقعات ناقابل قبول ہیں، ستامپرو بہت

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے سرگودھا میں خاتون کے قتل کے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے قاتل کو سخت سزا دینے کی ہدایت کردی۔ سرگودھا کے علاقے ساہوال میں ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا جہاں شوہر نے اپنی بیوی کو قتل کر کے (بقیہ نمبر 6 0)

پاکستان، چین کا جولائی میں 14 ویں جے سی سی اجلاس کے انعقاد پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان، چین نے جولائی میں 14 ویں جے سی سی اجلاس کے انعقاد پر اتفاق کرلیا، جبکہ وفاقی وزیر احسن اقبال نے وزارت خوراک کو چین دنیا کے اندر چین کی فراہم سہولیات کی سوشو تھیم بنانے کیلئے جامع منصوبہ تشکیل دینے کی (بقیہ نمبر 5 2)

دنیا پیجنگ اعلامیہ کا وعدہ پورا کرے، سربراہ اقوام متحدہ

اقوام متحدہ (شہباز) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انٹونیو گوٹریس نے کہا ہے کہ اب وقت آگیا ہے کہ دنیا سنگی سیاست میں پیشرفت تیز کرے اور ممالک، تاریخی بیجنگ اعلامیہ اور پلیٹ فارم فار ایکشن کی 30 ویں سالگرہ کے موقع پر اپنا وعدہ پورا (بقیہ نمبر 5 4)

پی ٹی آئی کے رکن اسمبلی کو بھی مقدمے میں گرفتار نہ کرنے کا حکم

پشاور (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رکن صوبائی اسمبلی افتخار شنواری کو کسی بھی مقدمے میں گرفتار نہ کرنے کا حکم دے دیا۔ پی ٹی آئی رہنما اور رکن صوبائی اسمبلی افتخار شنواری کی مقدمات کی تفصیل کے لیے دائر درخواست پر پشاور ہائیکورٹ کے جسٹس (بقیہ نمبر 5 5)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
عوام کی رپورٹ عوام کی آواز
بانیہ: عبدالکریم شیخ ایڈوکیٹ مرحوم بیگم
ISSN 1994-9577

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

وزیراعظم کا مہنگائی میں کمی لانے کا عزم

وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت ہوا وے ٹیکنالوجیز کے ساتھ پاکستانی نوجوانوں کو آئی ٹی تربیت کی فراہمی کے حوالے سے ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ہوا وے ٹیکنالوجیز کے وفد کے ارکان نے شرکت کی اور نوجوانوں کو ڈیجیٹل مہارتوں اور عالمی معیار کی آئی ٹی تربیت دینے کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس کے دوران گزشتہ برس چین میں ہوا وے ٹیکنالوجیز کے ساتھ طے شدہ معاہدوں پر عملدرآمد کا جائزہ لیا گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ 3 لاکھ پاکستانی نوجوانوں کو آن لائن تربیت فراہم کی جائے گی۔ ہوا وے کی جانب سے اب تک 20 ہزار 315 پاکستانی طلبہ کو تربیت دی جا چکی ہے۔ اجلاس میں ہوا وے ٹیکنالوجیز کے نمائندوں نے پاکستان میں جدید تربیتی پروگرام کیلئے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ ہماری حکومت کی اولین ترجیح عوام کو مہنگائی میں ریلیف اور سستی بجلی کی فراہمی ہے۔

چین کے تعاون سے پاکستان میں ٹیکنالوجی سیمت کئی شعبے بین الاقوامی معیار کے مطابق کام کر رہے ہیں۔ انفرمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی) میں بھی چین بھرپور معاونت کر رہا ہے' اسی جذبے کے تحت ہوا وے ٹیکنالوجیز نے پاکستانی نوجوانوں کو ڈیجیٹل مہارتوں اور عالمی معیار کے مطابق آئی ٹی تربیت دینے کا عزم ظاہر کیا ہے جبکہ اس کمپنی کی جانب سے اب تک بیس ہزار سے زائد طلبہ کو تربیت دی جا چکی ہے۔ برادر چین پاکستان کی ترقی میں ہر ممکن تعاون کر رہا ہے جس سے پاکستان مستفید بھی ہو رہا ہے مگر تمام تر اقدامات کے باوجود آئی ٹی شعبے میں نوجوانوں کو وہ سہولیات میسر نہیں ہو پا رہیں جنہیں بروئے کار لا کر ترقی یافتہ ملکوں کا مقابلہ کیا جا سکے۔ یہ حقیقت ہے کہ تمام تر کوششوں کے باوجود ملک بھر میں انٹرنیٹ انتہائی سست روی کا شکار ہے جبکہ اس سے جڑے تمام آن لائن ادارے بالخصوص سافٹ ویئر کمپنیاں اور فری لانسنگ بری طرح متاثر ہو رہی ہے۔ پاکستان میں موجود بہت سی سافٹ ویئر کمپنیاں یا تو بند ہو گئیں یا کسی دوسرے ملک میں منتقل ہو گئی ہیں جبکہ انٹرنیٹ کی سست روی کی وجہ سے بیرونی کمپنیوں نے پاکستان کے بجائے بھارت سے رابطہ کرنے میں جو کوشش کیلئے لمحہ فکریہ ہونا چاہیئے۔ دوسری جانب معاشی بحالی کی خوش کن رپورٹوں' مثبت اشاریوں اور حکومتی اقدامات کے باوجود ملک میں مہنگائی کم ہوتی نظر نہیں آ رہی۔ بے شک مہنگائی پر قابو پانا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے مگر جب تک عام عوام کو ریلیف نہیں ملے گا' وہ مطمئن نہیں ہونگے۔ اس لئے مہنگائی میں کمی لا کر' عوام اور کاروباری طبقے کو سستی بجلی فراہم کر کے اور آئی ٹی کے شعبے میں موجودگی کو فوری دور کر کے ہی پاکستان کو ترقی کی راہ پر گامزن اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جا سکتا ہے۔

سخت قوانین ہونے کے باوجود تجاوزات مافیا بااثر کیوں

تحریر: قمر شہزاد مغل
0323564770
Mughalqamar655@gmail.com

تجاوزات کے خلاف حکومتی آپریشن کیلئے کئے گئے اقدامات کھارے میں پڑے گورجنان کا تجاوزات مافیا بڑوں بڑوں کی بھاری پرگیشا میں تجاوزات کیخلاف مہم اپنے نتائج حاصل ہونے کے باوجود رکنے کھانے پر تلی ختم ہو نے جی یہ کام پہلے سے زیادہ دیدہ دلیری کے ساتھ شروع ہو جاتا ہے ریڑھیوں کے ساتھ ساتھ ریڑھیوں کا بیجا وجود بھر کر دیا جاتا ہے تخت فوائیں کی موجودگی میں ہماری سڑکوں، بازاروں اور گلیوں میں عارضی اور مستقل تجاوزات کی آخر کار مار دیں ہے۔ جس کا جتنا بس چلتا ہے، وہ اتنا ہی اختیارات سے تجاوز کرتا ہے ایسا کچھ یار، سرمایہ کے نشان دہی کرتا ہے مافیا سے خوف ہو چلا ہے شہر میں تجاوزات کی بھرمار تکنوتھی دیمو صرف دھرے ہی بن کر رہ گئے انتظامیہ بے بسی کی تصویریں کر دخترون تک محدود ہو چکی تکنوتھی آپریشن کیلئے کئے گئے اقدامات بھی کھارے میں پڑ چکے ہیں تکنوتھی احکامات پر تجاوزات کیخلاف آپریشن نہ عارضی طور پر تجاوزات کے صفایا ہوا اب پھر بجائے شہر کی خوبصورتی بھی تباہ ہو گئی شہر کے بازاروں سڑکیں پر چکے تجاوزات کی بھرمار نظر آنے لگی ہے کہیں کہیں تھوڑے تھوڑے عارضی دکانیں رہی سکی کم سڑکوں کے کنارے لگی ریڑھیوں نے نکال دی جبکہ سروس روڈ کی اطراف میں جگہ جگہ زمین کی پشت پناہی حاصل ہے سڑکوں بازاروں میں تجاوزات کی بھرمار سے موسم خال خراب ہو چکا ہے بازاروں سے گزرنا محال ہو گیا اپنی حد سے تجاوز کرتا ہمارے کچھ کا حصہ بن چکا ہے جس کا جتنا بس چلتا ہے وہ اتنا ہی اختیارات سے تجاوز کرتا نظر آتا ہے ایسا کچھ یار، سرمایہ کے نشان دہی کرتا ہے دکان دکھا کر اسے بڑھا کر پہلے والا کاروبار کھانا اسسٹنٹ کمشنر گورجنان نے تبھی ہی شہر میں عمل چپ سادھ رکھی ہے اور عوام کو اس مافیا کے ذمہ دار گرم پر چھوڑ دیا ہے تو گورجنان میں تجاوزات کے خلاف مہم کی شدت سے بجائے اور آگاہ کیا گیا شہر اور گرد وخواح میں مستقل اور عارضی تجاوزات کی اس قدر مار ہو چکی ہے کہ بازاروں اور سڑکوں پر بازاروں کی بھرمار ہو چکی ہے جس کا بس چلتا ہے اپنی دکان کے آگے تجاوز پے پاپ سڑک اپنا کاروبار جما کر بیٹھ جاتا ہے جس سے مختلف قسم کے مسائل جنم لیتے ہیں شہر تجاوزات والے وقتاً فوقتاً تجاوزات کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہیں چند ریڑھیوں کو اٹھا کر لیاں میں پھینکا جاتا ہے پھر دکانوں کے آگے تھوڑے توڑ دیے جاتے ہیں، جرمانے بھی کئے جاتے ہیں مگر آپریشن ختم ہوتے ہی پھر اپنے پہلے سے زیادہ دیدہ دلیری کے ساتھ شروع ہو جاتا ہے ریڑھیوں کے ساتھ ساتھ دکانوں نے اپنے تھوڑے توڑ دیے جاتے ہیں، جرمانے بھی کئے جاتے ہیں ہزار روپے کے اگر موقعہ ملے تو پھر اپنے سامان اٹھا کر لے جاتے ہیں بعد ازاں محکمی کرم کے پرواہیں کر دیا جاتا ہے اور پھر کچھ عرصہ بعد پھر سے تجاوزات نظر آنے لگتی ہیں جبکہ کچھ جا تجر اپنی دکانوں کے سامنے شہر قوانین تھیے ہاتھ لگا کر مانا نہ لاکھوں روپے کما رہے ہیں قانونی طاریں کا کہنا ہے کہ محکمی قوانین پر ایک نظر ڈالنے سے واضح ہوتا ہے کہ تعزیرات پاکستان کی دفعات 290 اور 291 کی رو سے راستوں میں رکاوٹ کھڑی کرنا ایک قابل دست اندازی پولیس جرم ہے جس کی سزا چھ ماہ قید اور پندرہ ہزار روپے تک جرمانہ یا دونوں سزائیں بھی دی جا سکتی ہیں اس کے علاوہ دی پنجاب لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2022 کی دفعہ 172 (d) (2) کے تحت عارضی تجاوزات نے والے ملزم کو پہلی دفعہ 4000 روپے کا کٹ بطور جرمانہ جاری ہوگا اگر وہ دوبارہ یہ جرم کرتا ہے تو چھ ماہ تک قید کی سزا اور 25000 روپے تک جرمانہ یا دونوں سزائیں دی جا سکتی ہیں مستقل تجاوزات کھڑی کرنے کی صورت میں طرمان کے خلاف اس ایکٹ کی دفعہ 172 (b) (2) کے تحت کارروائی عمل میں لائی جائے گی جس کے تحت چھ ماہ تک قید کی سزا اور 25000 روپے تک جرمانہ یا دونوں سزائیں دی جا سکتی ہیں مستقل تجاوزات کھڑی کرنے کی صورت میں طرمان کے خلاف اس ایکٹ کی دفعہ 172 (b) (2) کے تحت کارروائی کی جا سکتی ہے جبکہ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ ہمارے صاحبان اختیار اپنی فوری بچانے کے لیے، یا اپنے ذاتی مالی مفاد کے لیے، یا اشرافیہ کے سامنے بے بس ہو کر اسے سخت قوانین کی موجودگی میں ہماری عوام کیلئے مشکلات پیدا کر رہے ہیں ہماری عوام کیلئے مشکلات پیدا کر رہے ہیں عارضی اور مستقل تجاوزات کی بھرمار کیوں ہے؟ جبکہ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ ہمارے صاحبان اختیار اپنی فوری بچانے کے لیے، یا اپنے ذاتی مالی مفاد کے لیے، یا اشرافیہ کے سامنے بے بس ہو کر اسے تجاوزات کنندگان کے خلاف کارروائی کرنے کی بجائے بالا دو سیاسی کے پریشر کی وجہ سے ان تجاوزات کنندگان کے خلاف کارروائی کرنے کی بجائے صرف کارروائیاں ڈالنے پر اکتفا کرتے ہیں آپ یقین کریں یا نہ کریں جہاں پر بھی عارضی یا نا جائز تجاوزات پائی جائیں گی اس کے پیچھے بالواسطہ یا براہ راست کسی سیاسی یا کسی سیاسی کا ہاتھ ہوگا۔

عنبیہ لطیف ایک باصلاحیت اور متاثر کن شخصیت

انٹرویو: نوشین شفیق، کراچی

نوشین شفیق، کراچی
آج ہم ایک ایسی ہر ہمت شخصیت سے گفتگو کر رہے ہیں جو اپنی تخلیقی صلاحیتوں اور ہمت اور عزم کی بدولت کئی شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دے رہی ہیں۔ عنبیہ لطیف نہ صرف ایک رائٹر، اینکر، شاعرہ، ماڈل اور آرٹسٹ، ویڈیو ایڈیٹر اور نیوز اینکر ہیں بلکہ رائل اسٹوڈیوز ویلفیئر سوسائٹی (RSWS) کی ایک متحرک رکن بھی ہیں۔ انہوں نے اپنی ہمت، لگن، اور صلاحیتوں کے بل بوتے پر خود کو نمایاں اور کئی فنون کے لیے مشعل راہ بنایا ہے۔ ان کی تحریریں اور آرٹ شیئر تھیٹری کا پلیٹ فارم ہیں، جبکہ میڈیا اور کمیونٹی سروسز کے ذریعے وہ معاشرے میں بہتری لانے کے لیے سرگرم ہیں۔ اس انٹرویو میں ہم عنبیہ لطیف کے زندگی، کامیابیوں، چیلنجز، اور مستقبل کے ارادوں کے بارے میں جانیں گے۔ آئیں، اس سے براہ راست گفتگو کرتے ہیں

سوال: سب سے پہلے ہمارے ناظرین کے لیے اپنا تعارف کرائیں۔

جواب: میرا نام عنبیہ لطیف ہے۔ میں گریجویشن مکمل کر چکی ہوں۔ میں ایک رائٹر، اینکر، ایڈیٹر، آرٹسٹ اور ویڈیو ایڈیٹر اور نیوز اینکر ہوں۔ میں رائل اسٹوڈیوز ویلفیئر سوسائٹی (RSWS) کی ایک فعال رکن ہوں اور مختلف پلیٹ فارمز پر اپنی خدمات سرانجام دے رہی ہوں۔

سوال: تحریر عنبیہ صاحب! شاید آپ اب میڈیو اہل معاشیوں کی مالک ہیں۔ ادبی اور شعبی لفاظ سے بچپن کیسے گزرا؟

جواب: میرا بچپن بہت تخلیقی سرگرمیوں میں گزرا۔ لکھنے، پڑھنے اور تھیٹر آرٹس میں دلچسپی تھی۔ تعلیمی میدان میں بھی ہمیشہ کچھ نہ کچھ نیا رہی، اور میں نے اپنی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لیے خود کو تیار کیا۔

سوال: آپ کا ادبی رجحان اور خصوصاً ادبی تخلیقات اس بات کا ثبوت ہے کہ آپ کو علم و ادب سے گہرا لگاؤ ہے اور آپ اس آسان علم و ادب پر چھا جانے کی امنگ رکھتی ہیں تو پھر آپ نے اسٹیجنگ، اور ڈانس اور تھیٹر شعبوں میں دلچسپی کیوں لی؟

جواب: بچپن سے ہی لوگ مجھے کہتے تھے کہ میں ایک اچھی اداکار ہوں۔ اسٹیج پر اسکرپٹ کو جیسے بہتر بنانے کا شوق تھا۔ میں نے اپنی بہنوں کے ذریعے اپنے خیالات اور ڈانس اور میری فوری صلاحیتوں میں شامل کیں، جنہوں وقت کے ساتھ تھیٹر بنا دیا۔

سوال: علمی و ادبی شخصیت بہت حساس ہوتی ہے جبکہ صحافت بالکل مختلف احساسات و جذبات رکھتی ہے تو پھر آپ کو کس چیز نے میڈیا اینکرنگ اور نیوز اینکرنگ کی طرف متوجہ کیا؟

جواب: میں سمجھتی ہوں کہ زندگی ایک سیکھنے کا عمل ہے۔ ہر دن ایک نیا موقع ہوتا ہے، اور ہر شخص ایک نیا سبق دیتا ہے۔

سوال: آپ شادی شدہ ہیں، 3 بچوں کی ماں ہیں، ہاؤس وائف ہو کر یہ سب کیسے چلتا کر لیتی ہیں؟ میرے خاوند بہت شفیق سلوان اور حوصلہ دینے والے ہیں، میری ذاتی کامیابی اور پیشہ ورانہ پوشی میں میری ہمت، میری طاقت اور ہر احوصلہ ہیں تھے سوال کامیابی کے پیچھے کون ہے؟

جواب: آپ ذاتی وقبلی لفاظ سے ایک تخلیقی شخصیت ہیں، آپ نے بہت سے منصوبے کام کیے ہیں۔ آپ کے کام نے معاشرے پر کیا اثر ڈالا، اور آپ لوگوں کی خدمت کے لیے کس طرح کوشاں ہیں؟

جواب: میں نے ہمیشہ اپنی صلاحیتوں کو مثبت طریقے سے استعمال کرنے کی کوشش کی ہے۔ (RSWS) کے پلیٹ فارم سے میں نے لوگوں کی مدد کی، جبکہ میری تحریریں اور آواز بہت سے لوگوں کے لیے حوصلہ افزائی کا ذریعہ بنی ہیں۔

سوال: تخلیقی ذہن وقلب رکھنے کی وجہ سے آپ میں ہر چیز کو نیا کرنے کی خواہش رہتی ہے۔ آپ کے مستقبل کے ارادے اور ہیں؟ کیا آپ کوئی نیا پروجیکٹ شروع کرنے جا رہی ہیں؟ جواب: میں مستقبل میں مزید کچھ اور اپنی مہارتوں کو مزید بہتر بنانے کا ارادہ رکھتی ہوں۔ ساتھ ہی، میں (RSWS) میں مزید شدت تبدیلیاں لانے کے لیے کام جاری رکھوں گی۔ جلد ہی ایک بہت بڑے اشاعتی ادارے میں بطور سینئر ویڈیو ایڈیٹر شروع کرنے جا رہی ہوں

سوال: ہر کام کا ایک مقصد ہوتا ہے، انسان اپنے عمل سے کچھ حاصل کرنا چاہتا ہے کیا آپ اپنی تحریروں، ڈانس اور، یا نیوز اینکرنگ کے ذریعے کیا پیغام دینا چاہتی ہیں؟

جواب: میرا مقصد یہ ہے کہ عوت، ہمدردی اور مستقل تحریروں، ڈانس اور، یا نیوز اینکرنگ کے ذریعے لوگوں کو یہ سکھاؤں کہ ہمت کبھی نہیں ہارنی چاہیے۔ ہر کامیابی ایک نیا سبق دیتی ہے، اور جو محنت کرتے ہیں، وہ ضرور کامیاب ہوتے ہیں۔

سوال: عورت ہونے کے ناطے عورتوں کے لیے کوئی خاص پیغام؟

جواب: ایک مضبوط، خودمختار، اور باصلاحیت عورت صرف اپنے گھر اور خاندان کی ترقی میں کردار ادا کرتی ہے بلکہ پورے معاشرے کی خوشحالی کی ضامن بھی بنتی ہے۔ یہ کامیابی میں لاکھوں باصلاحیت خواتین موجود ہیں جو تعلیم، سائنس، کاروبار اور فنون اور دیگر شعبوں میں نمایاں کارکردگی دکھا رہی ہیں مگر بدقسمتی سے ان کے ٹیلنٹ کی وہ قدر نہیں کی جاتی جس کی وہ حق دار ہیں۔ روایتی سوچ، صنفی امتیاز اور صحد وسوالح اور کی ترقی میں بڑی رکاوٹیں ہیں۔ کئی خواتین تعلیم یافتہ ہونے کے باوجود معاشی خودمختاری سے محروم رہتی ہیں کیونکہ انہیں فیصلہ سازی اور روزگار کے برابر مواقع فراہم نہیں کیے جاتے۔ یہ حقیقت تسلیم کرنا ہوگی کہ خواتین کو برابری کے حقوق دینا محض ایک فرض نہیں، بلکہ ایک حقیقی ضرورت ہے۔ جب عورت کو اس کی صلاحیتوں کے مطابق آگے بڑھنے کے مواقع دیے جاتے ہیں، تو وہ نہ صرف اپنی زندگی سنوارتی ہے بلکہ پورے ملک کی ترقی میں اپنا حصہ ڈالتی ہے۔ جس عورت کو تعلیم ایک فرض سمجھ کر حاصل کرتی ہے، وہ اپنے گھر، معاشرے اور قوم کے لیے ایک مثبت کردار ادا کرتی ہے۔ جب عورت کو اس کی صلاحیتوں کے مطابق آگے بڑھنے کے مواقع دیے جاتے ہیں، تو وہ نہ صرف اپنی زندگی سنوارتی ہے بلکہ پورے ملک کی ترقی میں اپنا حصہ ڈالتی ہے۔ جس عورت کو تعلیم ایک فرض سمجھ کر حاصل کرتی ہے، وہ اپنے گھر، معاشرے اور قوم کے لیے ایک مثبت کردار ادا کرتی ہے۔ جب عورت کو اس کی صلاحیتوں کے مطابق آگے بڑھنے کے مواقع دیے جاتے ہیں، تو وہ نہ صرف اپنی زندگی سنوارتی ہے بلکہ پورے ملک کی ترقی میں اپنا حصہ ڈالتی ہے۔

سوال: آپ کی کامیابی کے پیچھے کون سے اصول ہیں جن پر آپ بھروسہ کیا کرتی ہیں؟

جواب: میرا ماننا ہے کہ محنت، ہمدردی اور مستقل مزاجی اور اپنی پہچان بنانا تھا۔ میں نے مستقل مزاجی اور محنت کی ذریعے اس تمام چیلنجز کو عبور کیا اور اپنی صلاحیتوں کو تسلیم کروایا۔

سوال: آپ کی سب سے بڑی کامیابی کیا ہے؟ جس پر آپ کو فخر ہے؟ کسی سہارے کی ضرورت محسوس ہوئی یا محنت وگن اور ریاضت سے کامیابی وکامرانی حاصل کی؟

جواب: میری سب سے بڑی کامیابی یہ ہے کہ میں نے اپنی پہچان خود بنائی اور لوگوں کے دلوں میں اپنی جگہ بنائی۔ (RSWS) کا ڈانس اور، نیوز اینکرنگ اور شاعری میں کامیابیاں حاصل کرنا میرے لیے بہت معنی رکھتا ہے۔

سوال: آپ ذاتی وقبلی لفاظ سے ایک تخلیقی شخصیت ہیں، آپ نے بہت سے منصوبے کام کیے ہیں۔ آپ کے کام نے معاشرے پر کیا اثر ڈالا، اور آپ لوگوں کی خدمت کے لیے کس طرح کوشاں ہیں؟

جواب: میں نے ہمیشہ اپنی صلاحیتوں کو مثبت طریقے سے استعمال کرنے کی کوشش کی ہے۔ (RSWS) کے پلیٹ فارم سے میں نے لوگوں کی مدد کی، جبکہ میری تحریریں اور آواز بہت سے لوگوں کے لیے حوصلہ افزائی کا ذریعہ بنی ہیں۔

سوال: تخلیقی ذہن وقلب رکھنے کی وجہ سے آپ میں ہر چیز کو نیا کرنے کی خواہش رہتی ہے۔ آپ کے مستقبل کے ارادے اور ہیں؟ کیا آپ کوئی نیا پروجیکٹ شروع کرنے جا رہی ہیں؟ جواب: میں مستقبل میں مزید کچھ اور اپنی مہارتوں کو مزید بہتر بنانے کا ارادہ رکھتی ہوں۔ ساتھ ہی، میں (RSWS) میں مزید شدت تبدیلیاں لانے کے لیے کام جاری رکھوں گی۔ جلد ہی ایک بہت بڑے اشاعتی ادارے میں بطور سینئر ویڈیو ایڈیٹر شروع کرنے جا رہی ہوں

سوال: ہر کام کا ایک مقصد ہوتا ہے، انسان اپنے عمل سے کچھ حاصل کرنا چاہتا ہے کیا آپ اپنی تحریروں، ڈانس اور، یا نیوز اینکرنگ کے ذریعے کیا پیغام دینا چاہتی ہیں؟

جواب: میرا مقصد یہ ہے کہ عوت، ہمدردی اور مستقل تحریروں، ڈانس اور، یا نیوز اینکرنگ کے ذریعے لوگوں کو یہ سکھاؤں کہ ہمت کبھی نہیں ہارنی چاہیے۔ ہر کامیابی ایک نیا سبق دیتی ہے، اور جو محنت کرتے ہیں، وہ ضرور کامیاب ہوتے ہیں۔

سوال: عورت ہونے کے ناطے عورتوں کے لیے کوئی خاص پیغام؟

جواب: ایک مضبوط، خودمختار، اور باصلاحیت عورت نہ صرف اپنے گھر اور خاندان کی ترقی میں کردار ادا کرتی ہے بلکہ پورے معاشرے کی خوشحالی کی ضامن بھی بنتی ہے۔ یہ کامیابی میں لاکھوں باصلاحیت خواتین موجود ہیں جو تعلیم، سائنس، کاروبار اور فنون اور دیگر شعبوں میں نمایاں کارکردگی دکھا رہی ہیں مگر بدقسمتی سے ان کے ٹیلنٹ کی وہ قدر نہیں کی جاتی جس کی وہ حق دار ہیں۔ روایتی سوچ، صنفی امتیاز اور صحد وسوالح اور کی ترقی میں بڑی رکاوٹیں ہیں۔ کئی خواتین تعلیم یافتہ ہونے کے باوجود معاشی خودمختاری سے محروم رہتی ہیں کیونکہ انہیں فیصلہ سازی اور روزگار کے برابر مواقع فراہم نہیں کیے جاتے۔ یہ حقیقت تسلیم کرنا ہوگی کہ خواتین کو برابری کے حقوق دینا محض ایک فرض نہیں، بلکہ ایک حقیقی ضرورت ہے۔ جب عورت کو اس کی صلاحیتوں کے مطابق آگے بڑھنے کے مواقع دیے جاتے ہیں، تو وہ نہ صرف اپنی زندگی سنوارتی ہے بلکہ پورے ملک کی ترقی میں اپنا حصہ ڈالتی ہے۔

سوال: آپ کی کامیابی کے پیچھے کون سے اصول ہیں جن پر آپ بھروسہ کیا کرتی ہیں؟

جواب: میرا ماننا ہے کہ محنت، ہمدردی اور مستقل مزاجی اور اپنی پہچان بنانا تھا۔ میں نے مستقل مزاجی اور محنت کی ذریعے اس تمام چیلنجز کو عبور کیا اور اپنی صلاحیتوں کو تسلیم کروایا۔

سوال: آپ کی سب سے بڑی کامیابی کیا ہے؟ جس پر آپ کو فخر ہے؟ کسی سہارے کی ضرورت محسوس ہوئی یا محنت وگن اور ریاضت سے کامیابی وکامرانی حاصل کی؟

جواب: میری سب سے بڑی کامیابی یہ ہے کہ میں نے اپنی پہچان خود بنائی اور لوگوں کے دلوں میں اپنی جگہ بنائی۔ (RSWS) کا ڈانس اور، نیوز اینکرنگ اور شاعری میں کامیابیاں حاصل کرنا میرے لیے بہت معنی رکھتا ہے۔

سوال: آپ ذاتی وقبلی لفاظ سے ایک تخلیقی شخصیت ہیں، آپ نے بہت سے منصوبے کام کیے ہیں۔ آپ کے کام نے معاشرے پر کیا اثر ڈالا، اور آپ لوگوں کی خدمت کے لیے کس طرح کوشاں ہیں؟

جواب: میں نے ہمیشہ اپنی صلاحیتوں کو مثبت طریقے سے استعمال کرنے کی کوشش کی ہے۔ (RSWS) کے پلیٹ فارم سے میں نے لوگوں کی مدد کی، جبکہ میری تحریریں اور آواز بہت سے لوگوں کے لیے حوصلہ افزائی کا ذریعہ بنی ہیں۔

سوال: تخلیقی ذہن وقلب رکھنے کی وجہ سے آپ میں ہر چیز کو نیا کرنے کی خواہش رہتی ہے۔ آپ کے مستقبل کے ارادے اور ہیں؟ کیا آپ کوئی نیا پروجیکٹ شروع کرنے جا رہی ہیں؟ جواب: میں مستقبل میں مزید کچھ اور اپنی مہارتوں کو مزید بہتر بنانے کا ارادہ رکھتی ہوں۔ ساتھ ہی، میں (RSWS) میں مزید شدت تبدیلیاں لانے کے لیے کام جاری رکھوں گی۔ جلد ہی ایک بہت بڑے اشاعتی ادارے میں بطور سینئر ویڈیو ایڈیٹر شروع کرنے جا رہی ہوں

سوال: ہر کام کا ایک مقصد ہوتا ہے، انسان اپنے عمل سے کچھ حاصل کرنا چاہتا ہے کیا آپ اپنی تحریروں، ڈانس اور، یا نیوز اینکرنگ کے ذریعے کیا پیغام دینا چاہتی ہیں؟

جواب: میرا مقصد یہ ہے کہ عوت، ہمدردی اور مستقل تحریروں، ڈانس اور، یا نیوز اینکرنگ کے ذریعے لوگوں کو یہ سکھاؤں کہ ہمت کبھی نہیں ہارنی چاہیے۔ ہر کامیابی ایک نیا سبق دیتی ہے، اور جو محنت کرتے ہیں، وہ ضرور کامیاب ہوتے ہیں۔

سوال: عورت ہونے کے ناطے عورتوں کے لیے کوئی خاص پیغام؟

جواب: ایک مضبوط، خودمختار، اور باصلاحیت عورت نہ صرف اپنے گھر اور خاندان کی ترقی میں کردار ادا کرتی ہے بلکہ پورے معاشرے کی خوشحالی کی ضامن بھی بنتی ہے۔ یہ کامیابی میں لاکھوں باصلاحیت خواتین موجود ہیں جو تعلیم، سائنس، کاروبار اور فنون اور دیگر شعبوں میں نمایاں کارکردگی دکھا رہی ہیں مگر بدقسمتی سے ان کے ٹیلنٹ کی وہ قدر نہیں کی جاتی جس کی وہ حق دار ہیں۔ روایتی سوچ، صنفی امتیاز اور صحد وسوالح اور کی ترقی میں بڑی رکاوٹیں ہیں۔ کئی خواتین تعلیم یافتہ ہونے کے باوجود معاشی خودمختاری سے محروم رہتی ہیں کیونکہ انہیں فیصلہ سازی اور روزگار کے برابر مواقع فراہم نہیں کیے جاتے۔ یہ حقیقت تسلیم کرنا ہوگی کہ خواتین کو برابری کے حقوق دینا محض ایک فرض نہیں، بلکہ ایک حقیقی ضرورت ہے۔ جب عورت کو اس کی صلاحیتوں کے مطابق آگے بڑھنے کے مواقع دیے جاتے ہیں، تو وہ نہ صرف اپنی زندگی سنوارتی ہے بلکہ پورے ملک کی ترقی میں اپنا حصہ ڈالتی ہے۔

SHOWBIZ شوبز

ریحام خان کی دلہن بنے تصاویر سوشل میڈیا پر وائل

سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے اس فوٹوشوٹ کو بہت پسند کیا جا رہا ہے

کراچی (این این آئی) اینکر سابق پی ٹی آئی کی سابق اہلیہ، ریحام خان کی دلہن بنے سوشل میڈیا پر تصاویر اور ویڈیوز وائرل ہوگئیں۔ انسٹاگرام پر شادی کی دوسری سالگرہ پر ریحام خان نے شوہر مرزا بلال کیساتھ کروایا گیا فوٹو شوٹ شیئر کیا، ان تصاویر میں ریحام خان اور شوہر مرزا بلال کو دولہا دلہن کے روپ میں دیکھا جا سکتا ہے۔ سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے اس فوٹوشوٹ کو بہت پسند کیا جا رہا ہے اور ریحام خان کی خوب تعریفیں بھی کی جا رہی ہیں۔

ہانیہ عامر کا شمار پاکستان کی ٹاپ اداکاراؤں میں ہوتا ہے

ہانیہ عامر نے ونٹرکس میں دلفریب اداؤں سے مداحوں کو دیوانہ بنا لیا

لاہور (این این آئی) پاکستانی اداکارہ ہانیہ عامر نے ونٹرکس میں دلفریب اداؤں سے مداحوں کو دیوانہ بنا لیا۔ تفصیلات کے مطابق ہانیہ عامر کا شمار پاکستان کی ٹاپ اداکاراؤں میں ہوتا ہے، ہانیہ نے کم عمری میں شوبز کی دنیا میں قدم رکھا لیکن فنکارانہ صلاحیتوں کی بدولت جلد ہی لوگوں کے دلوں پر راج کرنے لگیں۔ ان دنوں اداکارہ ہانیہ عامر دوبئی میں مقیم ہیں جہاں سے انہوں نے دلفریب تصاویر شیئر کی ہیں جہاں انہوں نے ونٹرکس میں کچھ تصاویر فوٹو پوز اور ویڈیو شیئر کیے ہیں جن میں وہ اپنی خوبصورتی کو ظاہر کر رہی ہیں۔ ونٹرکس میں ہانیہ عامر کی گلابی، آسمانی اور سفید لانگز اور بلیک ٹاپ کو پسند کیا جا رہا ہے اور ہانیہ عامر کی تصاویر کو بہت پسند کیا جا رہا ہے اور ہانیہ عامر کی خوبصورتی کی تعریف کی جا رہی ہے۔

بیٹے کی شادی پر اسماء عباس، زارا نور اور بشریٰ انصاری کا دلچسپ ڈانس

جب ڈانس کرنا نہیں آتا تو ڈانس کرنے کی کوشش بھی نہیں کرنی چاہیے، صارفین

کراچی (این این آئی) بیٹے کی شادی پر اسماء عباس، زارا نور اور بشریٰ انصاری کے ڈانس کی ویڈیوز وائرل ہوگئیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اسما عباس کے بیٹے کی شادی کی تقریبات کی متعدد ویڈیوز اور تصویریں وائرل ہو رہی ہیں جنہیں کچھ صارفین پسند اور کچھ تنقید کر رہے ہیں۔ وائرل ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ اداکارہ اسماء اور شوہر زارا نور عباس اور اسد صدیقی، بشریٰ انصاری دوستوں اور رشتے داروں کے ساتھ دلچسپ ڈانس میں مصروف ہیں۔ صارفین نے کہا کہ زارا نور عباس اور والدہ کا پہناوا بھی سے حقیقی انتخاب اچھا نہیں ہے۔

برطانوی گلوکارہ دعا لیپا نے کالم ٹرنر کو شادی کیلئے ہاں کہہ دی

لندن (این این آئی) برطانوی گلوکارہ دعا لیپا نے اپنے بوائے فرینڈ بوائے فرینڈ اداکار کالم ٹرنر کو شادی کیلئے ہاں کہہ دی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق 34 سالہ کالم ٹرنر نے کرسمس کے موقع پر 29 سالہ دعا لیپا کو پرپوز کیا جس پر انہوں نے رضامندی ظاہر کر دی۔ میڈیا کی رپورٹس کے مطابق دونوں شخصیات کی جانب سے سال کے موقع پر اس حوالے سے اپنے اہل خاندان دوستوں کیلئے ایک تقریب کا انعقاد کرنے کا پلان تھا۔ اس سے قبل گزشتہ ماہ دعا لیپا اور کالم ٹرنر نے سینٹ جیمز پیلس میں ایک ساتھ کھانا کھایا تھا۔ میڈیا کی رپورٹس کے مطابق برطانوی گلوکارہ دعا لیپا 30 نومبر کو منیلا میں ایک کنسرٹ میں پروگرام کرنے کے سلسلے میں بھارت پہنچی تھیں۔

ریشم نے شادی نہ ہونے کی وجہ اپنی منفرد دعا کو قرار دیدیا

اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی کہ میری اب شادی کروا دے

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیلنٹ انڈسٹری کی معروف اداکارہ وریشم نے شادی نہ ہونے کی وجہ اپنی ایک منفرد دعا کو قرار دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق ریشم کے اداکار سید نور کو دیے گئے انٹرویو کی ایک ویڈیو کلپ زیر گردش ہے جس میں وہ اپنی شادی سے متعلق بات کر رہی ہیں۔ ویڈیو میں ریشم نے بتایا کہ میں اللہ کے گھر کی تو سب سے آخری دعا مانگوں تو مجھے تو بس یہ دعا مانگنی ہے کہ یا اللہ اگر عزت دینی تو تکبر نہ دینا اور ساتھ ہمیشہ دینے والا رکھنا کبھی لینے والا ناخدنہ بنانا۔ انہوں نے کہا کہ میری مالی دعا یہ تھی کہ یہ قبول ہوئی کہ آج تک زندگی میں مردی کمائی نصیب نہیں ہوئی۔

فلم ڈیکلیئے شاہ رخ خان سے پہلے مجھے آفر ہوئی، عامر خان

شاہ رخ خان کے خوفناک اور جنونی کردار اور اہول ہمرا نے شائقین پر گہرا اثر چھوڑا تھا

ممبئی (این این آئی) اگر آپ شاہ رخ خان کے مداح ہیں ت

لقیہ 1

پر اظہر پس ایک اٹھ، 14 مارچ 356 پرائمس پر بند ہوا تھا۔

لقیہ 2

حاضر کی گرفتاری کے لئے موثر کریک ڈاؤن جاری ہے، اس سلسلہ میں مقامات نزد قبل، نیلور، بھاولہ کوٹ، گالہ، دوشہرہ اور پلس نیوں میں 06 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 2210 گرام ہیروئن، 57 کلو گرام آئس، پستول مع ایمونیشن برآمد کرلیا گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے، جنکہ کرائم انسٹیگیشن ونگ کی ٹیموں کے چھاپوں کی کارروائی کے دوران چار عدد گرفتار کی گرفتاری عمل میں لائی گئی، ایس ایس پی انویسٹیگیشن راولپنڈی ڈاکٹر شاہد عباس خان کے کہا کہ اسلام آباد پولیس وفاقی و حکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے ہر وقت مصروف ہے، جبکہ عوامی مسائل کو شہریوں کے اس میں عمل دلائے کی ابھارت نیں اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے، جبکہ شہریوں

پاکستان سٹاک ایکسچینج میں شدید مندی، سرمایہ کاروں کے اربوں ڈوب گئے

کاروباری ہفتے کے دوسرے روز سٹاک ایکسچینج میں کاروبار کا منفی آغاز ہوا تاہم تھوڑی دیر بعد صورتحال تبدیل ہوگئی

واضح رہے گزشتہ روز کاروبار کے اختتام پر انڈیکس ایک لاکھ، 14 ہزار 356 پوائنٹس پر بند ہوا تھا

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان سٹاک ایکسچینج میں شدید مندی، انڈیکس کے ایک لاکھ، 14 ہزار پوائنٹس کی بحالی ہوگئی۔ کاروباری ہفتے کے دوسرے روز سٹاک ایکسچینج میں کاروبار کا منفی آغاز ہوا تاہم تھوڑی دیر بعد مندی میں کمی ہوگئی، اس کے بعد ایک بار پھر انڈیکس میں گراوٹ دیکھی گئی۔ سٹاک مارکیٹ کے 100 انڈیکس میں 724 پوائنٹس کی کمی ریکارڈ کی گئی جس کے بعد انڈیکس ایک لاکھ 13 ہزار 632 پوائنٹس پر آگیا۔ کاروبار میں مندی کے باعث سرمایہ کاروں کو اربوں روپے کا نقصان ہوا۔ واضح رہے گزشتہ روز کاروبار کے اختتام (بقیہ نمبر 1)

ڈیکنز میڈل میں ملوث گینگ کے ملزمان کو بورڈ پولیس کی حراست میں

سنگین جرائم میں ملوث چار مجرمان سمیت 10 جرائم ملزمان کے قبضہ سے 2210 گرام ہیروئن، 57 گرام آئس، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث چار مجرمان سمیت 10 اہم پیشہ حاصم گرفتار کر کے 2210 گرام ہیروئن، 57 گرام آئس، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ (بقیہ نمبر 2)

ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ وجکما اقلیتی امور کے مابین ایم او یو دستخط کی تقریب میں مشیر ڈاکٹر ریاض خان، سیکرٹیر وینش کمار، ایم پی اے روی کمار موجود ہیں

پاکستان سفیر کو امریکا سے بے دخل کر دیا گیا

اوس انگلس (نیٹزنگ ڈیسک) پاکستانی سفیر کو امریکا سے بے دخل کر دیا گیا، ترکی کا نتان میں تعینات پاکستانی سفیر کو امریکی شہر لاس اینجلس پہنچنے پر امریکا میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ملی۔ تفصیلات کے مطابق امریکا کی جانب سے پاکستان سمیت کئی ممالک کے شہریوں پر امریکا میں داخلے پر باقاعدہ پابندی عائد کیے جانے سے قبل پاکستان کے ایک (بقیہ نمبر 3)

چین کی ترقی دوسرے ممالک کے لئے مثال ہے، میڈیا چیف سریا

بلغراد (شھوا) سریا کی پیٹا نیوز ایجنسی کے ڈائریکٹر راڈویر ڈنگک کا کہنا ہے کہ چین کے "دو اجلاس" دیہ صرف ملک کی تحقیق کا میابیوں کو جاننے بلکہ بڑے عالمی مسائل کے حل سے متعلق سمجھنے کا بھی ایک اہم پلیٹ فارم ہے۔ خود انحصاری اور تکنیکی ترقی کی اہمیت پر زور دینے والی سریا کی ایک پرانی کہاوت "خود پر اور اپنے گھوڑے پر بھروسہ کریں" کا حوالہ دیتے ہوئے ڈنگک نے کہا کہ چین نے اس ضمن میں دنیا کے لئے ایک مثال قائم (بقیہ نمبر 4)

نائجر اسلحہ رکھنے والے 6 ملزمان گرفتار، اسلحہ برآمد، مقدمات درج

پولیس نے ملزم شبیر سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن کر لیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے نائجر اسلحہ رکھنے والے 6 ملزمان گرفتار کر کے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس نے ملزم شبیر سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم آصف سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، گوہر خان پولیس نے ملزم زاہد سے 01 رائفل 44 بور معہ ایمونیشن، ملزم (بقیہ نمبر 5)

آئی جی اسلام آباد کا شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ

مساجد اور امام بارگاہوں کی سیکیورٹی کی چیکنگ، ڈپوٹی پر ماموریولیس افسران سے ملے

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد وسیم علی ناصر رضوی نے شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا، افطار، سحری اور نماز کے اوقات میں مساجد اور امام بارگاہوں کی سیکیورٹی کو چیک کیا اور ڈیوٹی پر مامور پولیس افسران سے ملے اور انہیں شاباش دی۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد وسیم علی ناصر رضوی نے شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا، افطار، سحری اور نماز کے اوقات میں مساجد اور امام بارگاہوں کی سیکیورٹی کو چیک کیا، ڈیوٹی پر مامور پولیس افسران سے ملاقات کی اور انہیں شاباش دی، آئی جی اسلام آباد نے (بقیہ نمبر 7)

ایس ایس پی آپریشنز کاشف ذوالفقار شہزادی کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے شہدا ہیلمیٹ کو گولڈ میڈل دیتے ہوئے

افغانستان میں موجود دہشتگرد تنظیمیں خطے اور دنیا کیلئے خطرہ ہیں پاکستان

ان خطرات میں القاعدہ، ٹی ٹی پی، ایل ای اور مجید بریگیڈ جیسی تنظیمیں شامل ہیں، منیر اکرم کا سلامتی کونسل سے خطاب

نیویارک (این این آئی) پاکستان نے عالمی برادری کی توجہ افغانستان میں دہشت گرد تنظیموں کی طرف مبذول کرائی، اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے اجلاس میں پاکستانی مستقل مندوب منیر اکرم نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کالعدم ٹی ٹی پی جیسی تنظیمیں شامل ہیں، یہ تنظیمیں پاکستان اور خطے کی سلامتی کو نقصان پہنچا رہی ہیں، ٹی ٹی پی افغانستان میں مرکزم ہے سب سے بڑی دہشت گرد تنظیم ہے۔ انہوں نے کہا کہ کالعدم ٹی ٹی پی سرحدی محفوظ پناہ (بقیہ نمبر 8)

محمد اسحاق ڈار سے امریکی ناظم الامور ثمالی اے بیکر کی ملاقات

اقتصادی وتجارتی تعلقات بڑھانے، انسداد دہشت گردی، سلامتی شعبوں میں تعاون پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے امریکی ناظم الامور ثمالی اے بیکر نے منگل کو یہاں ملاقات کی۔ دفتر خارجہ کے مطابق ملاقات کے دوران انہوں نے دیگر امور کے ساتھ ساتھ اقتصادی اور تجارتی تعلقات کو بڑھانے اور مضبوط بنانے سمیت انسداد دہشت گردی اور سلامتی کے شعبوں میں تعاون پر اتفاق کیا۔

روس اور امریکہ نے دوطرفہ تعلقات میں درپیش مسائل پر بات چیت شروع نہیں کی ہے، روسی وزیر خارجہ

ماسکو (شھوا) روسی وزیر خارجہ سرگئی لاوروف نے کہا ہے کہ روس اور امریکہ نے دوطرفہ تعلقات میں موجودہ مسائل حل کرنے کے لئے ابھی تک کام شروع نہیں کیا ہے۔ میتانی میڈیا کو ایک انٹرویو میں روسی وزیر خارجہ نے کہا کہ اگرچہ نئی امریکی انتظامیہ کے بیانات سے کئی نتیجے پر پہنچنا قبل از وقت ہو (بقیہ نمبر 9)

جام کمال خان تین روزہ سرکاری دورے پر برمان پہنچ گئے

دورے کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان ثقافتی تعلقات کو مزید مضبوط بنانا ہے، حکام

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان تین روزہ سرکاری دورے پر برمان پہنچ گئے، دورے میں اعلیٰ علمی طالبات سے مشتمل وفد کے اور ثقافتی سرگرمیاں شامل ہیں۔ وزارت تجارت سے جاری اعلامیے کے مطابق وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان تین روزہ سرکاری دورے پر برمان پہنچ گئے، دورے میں اعلیٰ علمی طالبات سے مشتمل وفد کے اور ثقافتی سرگرمیاں شامل ہیں۔ وزارت تجارت سے جاری اعلامیے کے مطابق وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان تین روزہ سرکاری

راولپنڈی پولیس کا مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن

سی پی او کی ہدایت پر گھروں، دکانوں اور شہریوں کے کوائف کو چیک کیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن شہر کے دوران آپریشن میں گھروں، دکانوں اور شہریوں کے کوائف کو چیک کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او راولپنڈی ریجن ذوالفقار حمید کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن کیا گیا۔ سرچ آپریشن تھانہ آرمے بازار اور موگاہ کے مختلف علاقوں میں (بقیہ نمبر 2)

وزیراعظم نے دانش سکولوں کے بعد یونیورسٹی بنانے کا اعلان کر دیا

دانش یونیورسٹی کو ایسا ادارہ بنائیں گے جو دنیا میں نام پیدا کرے گی، پیادار نوجوان نسل کے مستقبل کو سنوارنے کیلئے اہم سنگ میل ثابت ہوگا

190 ملین پاؤنڈ سپریم کورٹ کے اکاؤنٹ میں آئے، 190 ملین پاؤنڈ کو بردیا نتی سے ایسے اکاؤنٹ میں بھیجا گیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعظم شہباز شریف نے دانش سکولوں کے بعد دانش یونیورسٹی بنانے کا اعلان کر دیا۔ دانش یونیورسٹی کی سینٹرک سکول کے بعد دانش یونیورسٹی کا قیام عمل میں لایا جائے گا، دانش یونیورسٹی کو ایسا ادارہ بنائیں گے جو دنیا میں نام پیدا کرے گی، پیادار نوجوان نسل کے مستقبل کو سنوارنے کیلئے اہم سنگ میل ثابت ہوگا

سینٹی کے اجلاس کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کابینہ تھا کہ دانش یونیورسٹی کا قیام عمل میں لایا جائے گا۔ دانش یونیورسٹی کو ایسا ادارہ بنائیں گے جو دنیا میں نام پیدا کرے گی، پیادار نوجوان نسل کے مستقبل کو سنوارنے (بقیہ نمبر 2)

راولپنڈی، ایس ایس پی آپریشنز کاشف ذوالفقار شہزادی کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے شہدا ہیلمیٹ کو گولڈ میڈل دیتے ہوئے

9 مئی کیسز، ملزمان کی ضمانت منسوخی کی سماعت عید تک ملتوی

چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے مختصر سماعت کی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان میں سانحہ 9 مئی کے واقعات کے ملزمان کی ضانت منسوخی اپیلوں پر سماعت عید کے بعد تک ملتوی کر دی گئی۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے مختصر سماعت کی۔ سانحہ 9 اور 10 مئی کے تمام نمبر ڈی لسٹ، سماعت اب چھٹے کے بعد کی بینچ میں جسٹس (بقیہ نمبر 3)

کراچی میں موسم بدلتے ہی سانس کے امراض میں اضافہ

سانس میں مبتلا 150 سے زائد افراد آرہے ہیں، ایمرجنسی انچارج سول اسپتال

کراچی (این این آئی) کراچی میں موسم بدلتے ہی سانس کے امراض میں اضافہ ہوگیا۔ ایمرجنسی انچارج سول اسپتال کے مطابق سول اسپتال میں سانس کے مرض میں مبتلا 150 سے زائد افراد آرہے ہیں۔ جناح اسپتال کے طبی ماہر کا کہنا ہے کہ جناح اسپتال میں بھی سانس کے مریضوں کی تعداد یومیہ 150 سے تجاوز کر گئی ہے جبکہ ماہرین کا کہنا ہے کہ سانس کی بیماریوں سے سب سے زیادہ متاثر بچے ہو رہے ہیں، مریض گلے کی (بقیہ نمبر 4)

نشیات فروش راولپنڈی پولیس کی حراست میں

سی پیک پاکستان کو عالمی تجارت کا اہم دروازہ بنا سکتا ہے، صدر زرداری

اسلام آباد (شھوا) صدر آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) اور گوادر بندرگاہ پاکستان کو عالمی تجارتی مرکز میں تبدیل کر دے گا اور کئی خلوں کے درمیان رابطے پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ صدر نے کہا کہ سی پیک ہمارے راہلوں کی سوچ کا محور ہے گا۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ وہ پاکستان کو وسط ایشیا، جنوبی ایشیا اور مشرق وسطیٰ کو ملانے والے داخلی راستے کے طور پر کام ان دونوں مضمون (بقیہ نمبر 6)

وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے عہدے کا چارج سنبھال لیا

عوام پر بوجھ کم کرنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے

سحر وافطار میں گیس کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے سخت ہدایات جاری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ عوام پر بوجھ کم کرنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے۔ وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا ہے، وزارت کا چارج لینے کے بعد وفاقی وزیر نے اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں وفاقی وزیر علی پرویز ملک کو وزارت کے اداروں اور ذمے داریوں پر جامع بریفنگ دی گئی۔ حکام نے موجودہ تیل اور گیس کے ذخائر، سپلائی چین، ڈیمانڈ سپلائی پوزیشن سے وزیر پیٹرولیم کو آگاہ کیا۔ اجلاس کے دوران علی پرویز ملک نے سحر وافطار میں گیس کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے سخت ہدایات جاری کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم کے شعبے کو درپیش چیلنجز سے نمٹنا اولین ترجیح ہے۔ وفاقی وزیر (بقیہ نمبر 5)

خواجہ عمران نذیر کا تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال رائیونڈ کا اچانک دورہ

ناقص انتظامات، متعدد شکایات پر ایڈمن منیجر ہسپتال مفصل علی نوکری سے برخاست

رائے وٹو (این این آئی) وزیر ہائر ایجوکیشن سیکرٹری حکومت پنجاب خواجہ عمران نذیر نے پی ایم ٹی نیشنل ہیلتھ کیئر ہسپتال رائیونڈ کا اچانک دورہ کیا۔ تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال میں ناقص انتظامات اور دیگر عملہ کی جانب سے متعدد شکایات پر وزیر صحت خواجہ عمران نذیر نے ایڈمن منیجر ہسپتال مفصل علی کو فوری طور پر نوکری سے برخاست کر دیا۔ جبکہ ہسپتال میں عرصہ دراز سے خراب لفٹ کو بحالی (بقیہ نمبر 6)

راولپنڈی، سی پی او اسد خالد ہمدانی شہدا کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے شہدا ہیلمیٹ کو گولڈ میڈل دیتے ہوئے

دو چوری شدہ موٹر سائیکلیں اور قیمتی سامان برآمد

کسی بھی غیر قانونی سرگرمی یا مشکوک افراد کی فوری اطلاع پولیس کو دیں

شھوا (سید ریحان احمد شاہ) ضلع قصور پولیس کی کامیاب کارروائی۔ دو چوری شدہ موٹر سائیکلیں اور قیمتی سامان برآمد، اصل مالکان کے حوالے کر دیئے۔ اس کامیاب کارروائی میں قصور پولیس کی ٹیم نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کارروائی کرتے ہوئے دو چوری شدہ موٹر سائیکلیں، ایک موبائل فون، گاڑی کے اصل کاغذات اور اے پی ایم کارڈ برآمد کر کے ان کے اصل مالکان کے حوالے کر دیے۔ اس ضمن میں ڈی پی او قصور نظیر احمد جنجوعہ کی خصوصی ہدایات پر اے ایس پی کنٹونمنٹ (بقیہ نمبر 7)

ڈاکوؤں سے برآمد ہونے والی موٹر سائیکل مالکان کے سپرد کی جا رہی ہے

راہزنی کی وارداتوں میں ملوث منظم گروہ کے تین ارکان گرفتار

ملزمان کے قبضہ سے چھینی گئی نقدی، موبائل فون، موٹر سائیکل اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

اسلام آباد (این این آئی) تھانہ کوہسار پولیس نے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں ملوث منظم گروہ کے تین ارکان کو گرفتار کر کے قبضہ سے چھینی گئی نقدی، موبائل فون، موٹر سائیکل اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں راہزنی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کی گرفتاری اور جرائم کے انسداد کیلئے بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری ہے، اس سلسلہ میں تھانہ کوہسار پولیس ٹیم نے جدید تکنیکی اور انسانی ذرائع کو بروئے کار لاتے ہوئے راہزنی کی متعدد (بقیہ نمبر 8)

شبلی فراز نے ایوان میں بغیر ایجنڈا قرارداد پیش کرنے کی کوشش

چیئرمین سینیٹ کی جانب سے شبلی فراز کو قرارداد دیکھ سیریٹریٹ میں جمع کرانے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی کے سینیٹر شبلی فراز نے بغیر ایجنڈا چاروں صوبوں اور وفاق سے متعلق قرارداد پیش کرنے کی کوشش کی۔ اجلاس کے دوران سینٹ میں قابیہ حزب اختلاف اور پاکستان تحریک انصاف کے رکن شبلی فراز نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ دنیا پارلیمانی سال کا آخری دن ہے، یہ ایک اہم موقع ہے، ہم بجٹ پر بڑا آف فیڈریشن بھی کہتے ہیں۔ سینیٹر فراز کی جانب سے ایوان میں بغیر ایجنڈے کے (بقیہ نمبر 9)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

شہداء پولیس کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے تقریب کا انعقاد

سی پی او راولپنڈی اور ایس ایس پی آپریشنز کی فیملیز سے ملاقات، گولڈ میڈل دیئے گئے

راولپنڈی (این این آئی) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن کے مطابق شہداء پولیس کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں تقریب آپریشنز کاشف ذوالفقار شہزادی کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے تقریب کا انعقاد کیا گیا، راولپنڈی پولیس کے شہداء کے اہل خانہ اور بچوں نے تقریب میں خصوصی شرکت کی، سی پی او سید خالد ہمدانی اور ایس ایس پی (بقیہ نمبر 1 2)

شہریوں کے جان و مال کی حفاظت ہمارا اولین مقصد ہے

افسران کو ڈیوٹی ایمانداری، دیانتداری وفرض سمجھ کر ادا کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد محمد شعیب خان نے کہا کہ رائف افسران کو فرائض کی بطریق احسن انجام دہی دیتے ہوئے ڈیوٹی ایمانداری، دیانتداری اور فرض سمجھ کر ادا کرنے کی ہدایت کرتی ہے۔ تفصیلات کے مطابق سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس اسلام آباد محمد شعیب خان نے کوئیک ریسپانس فورس کے افسران کو فرائض (بقیہ نمبر 3 2)

مانیٹری پالیسی کا اعلان، شرح سود 9.75 فیصد برقرار

مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس آج منعقد ہوا جس میں آئندہ ڈیڑھ ماہ کے لیے پالیسی ریٹ کا تعین کیا گیا طے کیا گیا کہ آئندہ ڈیڑھ ماہ کے لیے شرح سود 12 فیصد کی سطح پر برقرار رہے گی، اسٹیٹ بینک آف پاکستان

کراچی (کامرس نیوز) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے مانیٹری پالیسی کا اعلان کر دیا جس کے مطابق شرح سود 12 فیصد کی سطح پر برقرار رکھی گئی ہے۔ مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس آج منعقد ہوا جس میں آئندہ ڈیڑھ ماہ کے لیے پالیسی ریٹ کا تعین کیا گیا کہ آئندہ ڈیڑھ ماہ کے لیے شرح سود 12 فیصد کی سطح پر برقرار رہے گی۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق خوراک اور توانائی کی قیمتوں میں کمی کی وجہ سے فروری میں مہنگائی توقع سے کم رہی تاہم مہنگائی اب بھی بلند سطح پر برقرار ہے، معاشی سرگرمیاں مسلسل بڑھ رہی ہیں (بقیہ نمبر 4)

راولپنڈی، پولیس سرچ آپریشنز کے دوران کوائف چیک کرتے ہوئے

چین کی منظقہ کے سالانہ اجلاس کی پریزیڈیم نے تیسرا اجلاس منعقد کیا

بیجنگ (شھوا) چین کی قومی منظقہ 14 ویں قومی عوامی کانگریس (این پی سی) کے تیسرے اجلاس کے پریزیڈیم نے اپنا تیسرا اجلاس منعقد کیا۔ پریزیڈیم کے ایگزیکٹو چیئرمین ژاؤ لے جی کی ہدایت پر لی ہونگ ڈونگ نے اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ قومی عوامی کانگریس کے نائبین سے حقوق قانون کا ترمیمی مسودہ رائے شماری کے لئے این پی سی اجلاس میں پیش کیا جائے گا۔ اجلاس میں تین دستاویزات غور وخوض کے لئے پیش کرنے کا فیصلہ کیا گیا جو این پی سی (بقیہ نمبر 6)

آئی جی پنجاب کی پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ سے ملاقات

پولیس ملازمین کے مسائل سنے، فوری ریلیف کیلئے احکامات جاری

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے پولیس ملازمین اور انکے سفر کو مزید آگے بڑھاتے ہوئے سہولیاں وزیر مدنیات شرح فی گرجوانی نے ڈھوڑ میں ایک جدید اسکول کا سنگ بنیاد رکھ دیا۔ اس موقع پر انہوں نے تعلیم کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ سی پنجاب کی ترقی کا دارومدار معیاری تعلیم پر ہے، اور حکومت پنجاب ہر بچے کو جدید تعلیمی سہولیات فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہے۔ وزیر معدنیات نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز کے ویژن (بقیہ نمبر 7)

آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین کے مسائل سنے اور فوری ریلیف کیلئے احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے (بقیہ نمبر 5)

چکوال کے علاقے میں دو نئے اسکول تعمیر کیے جائیں گے

کان کن مزدوروں کے بچوں کے لیے اسکالرشپس کی تعداد بڑھا دی گئی ہے، منیر ملکی کو پرانی

راولپنڈی، سی پی او اسد خالد ہمدانی شہدا کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے شہدا ہیلمیٹ کو گولڈ میڈل دیتے ہوئے

کوئٹہ سے پشاور جانیوالی ٹرین پر فائرنگ، ڈرائیور جاں بحق

بلوچستان، کچھی میں ٹرین پر دہشتگردوں کا حملہ، ٹرین ڈرائیور سمیت متعدد افراد زخمی

ٹرین کو یرغمال بنانے کی اطلاع، سیکورٹی فورسز طلب، ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ

ترقی کرتا ہوا پاکستان 24 کروڑ عوام کے دلوں کی آواز ہے

عالمی سطح پر پاکستان کی اہمیت میں اضافہ خوش آئند ہے، سید ال خان ناصر

اسلام آباد (این این آئی) کابینہ کمیٹی برائے بین الاقوامی تعلقات کے چیئرمین سید ال خان ناصر نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ پاکستان کی معاشی ترقی و مضبوطی ہی ہم سب کی بقا کی ضامن ہے، ترقی کرتا ہوا ملک 24 کروڑ عوام کے دلوں کی آواز ہے، عالمی سطح پر پاکستان کی اہمیت میں اضافہ خوش آئند ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کا دیا لگانے والے ہوش کے ناخن لیں گزشتہ ایک سال سے دہشتگردی کا رونا رو کر احتجاج کے ذریعے سفارتی امور میں رکاوٹیں کھڑی کرنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں جو ملک دشمنی کے مترادف ہیں، ملک کی طرح کے اختیار دار سیاسی عدم استحکام کا ہرگز متحمل نہیں ہوسکتا، ملک میں سیاسی استحکام ہی (بقیہ نمبر 8)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035

فوری ضرورت

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com